انھوں نے کھیل شروع کیا۔

ارے یہ کیا، آخر میں کھیل تو ہاتھی نے جیت لیا۔

- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ہاتھی نے کھیل کیوں جیتا؟
- کس کے قدم سب سے بڑے ہیں؟
- اس کہانی کو ڈرامے کی طرح کرو۔

## عملی کام




- 4-3 دوستوں کا ایک گروپ بنایئے۔ لکیریں بنا کر معلوم کیجیے کہ کس کہ قدم سب سے لمبے ہیں؟
- بیچ کی دوری معلوم کیجیے۔


a) آپ کی کلاس کی کوئی کھڑکی اور دروازے کی

b) جہاں آپ بیٹھے ہیں وہاں سے بلیک بورڈ کی

© NCERT not to be republished

# 13 سب سے لمبا قدم



ایک پارک میں تین دوست ایک خرگوش، ایک ہاتھی اور ایک ہرن ساتھ ساتھ کھیل رہے تھے۔






## اپنے اندازے کی جانچ کیجیے

نیچے دی گئی چیزوں کی لمبائی یا اونچائی کا اندازہ لگایئے اپنے جواب کی جانچ کرنے کے لیے ان چیزوں کو ناپیے

| چیزوں کے نام | میرا اندازہ | میرا نتیجہ |
|---|---|---|
| گلاس  | ______انگلیاں | ______انگلیاں |
| بالٹی  | ______بالشت | ______بالشت |
| آپ کا ہاتھ  | ______ماچس کی تیلیاں | ______ماچس کی تیلیاں |
| ٹیچر کی میز  | ______بالشت | ______بالشت |
| آپ کی ناک  | ______انگلیاں | ______انگلیاں |
| پانی کی بوتل  | ______انگلیاں | ______انگلیاں |
| آپ کے بال  | ______بالشت | ______بالشت |

انگلیاں (انگل)، بالشت اور ماچس کی تیلیاں وغیرہ جیسی اکائیوں کا صحیح استعمال کر کے بچوں کو دکھایئے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ مختلف چیزیں لیں اور پھر ان کو مختلف اکائیوں کی مدد سے ناپیں۔

© NCERT not to be republished

## ہاتھ یا انگلیاں؟




رجت کچھ چیزوں کی **لمبائی معلوم** کرنا چاہتا ہے۔ اس کے لیے وہ اپنے **بالشت** کا استعمال کرتا ہے۔ یہ چیزیں تصویر میں دیکھائی گئی ہوں۔

★ کیا ان سبھی چیزوں کی لمبائی معلوم کرنے کے لیے کیا وہ بالشت کا استعمال کرسکتا ہے۔

★ آپ کے چاروں طرف ایسی کون سی چیزیں ہیں جن کی لمبائی آپ کے بالشت سے چھوٹی ہیں؟ ان کے نام بتایئے۔

★ ان چیزوں کی لمبائی معلوم کرنے کے لیے آپ نے کس چیز کا استعمال کیا۔

## عملی کام



مٹی کا ایک گھر بنایئے۔ دیکھیے کس کا گھر اونچا ہے۔ آپ اپنے مٹی کے گھر کی اونچائی ناپنے کے لیے اپنی انگلیوں کا استعمال کرسکتے ہو۔

★ کس نے سب سے اونچا مٹی کا گھر بنایا؟

★ کس نے سب سے چھوٹا مٹی کا گھر بنایا؟


## اندازہ لگایئے

ان دو ناریل کے پیڑوں کو دیکھیے۔ اگر بڑا پیڑ 6 میٹر اونچا ہے تو چھوٹا پیڑ کتنا اونچا ہوگا۔



© NCERT not to be republished

## ناپیے اور بنائیے۔





- پتھر سے دو اُنگل کی دوری پر ایک پتی بنائیے۔
- بندر سے 5 ماچس کی تیلی کی دوری پر ایک کیلا بنائیے۔
- پتھر سے 7 اُنگل کی دوری پر ایک پتنگ بنائیے۔
- پتنگ سے 3 ماچس کی تیلی کی دوری پر ایک بادل بنائیے۔
- کیلے سے 4 اُنگل کی دوری پر ایک چڑیا بنائیے۔

صفحہ پر ہی اپنی تصویر بھی کہیں بنالیجیے۔ دیکھیے آپ بندر کی ناک سے کتنی دوری پر ہیں؟

دی گئی چیزوں کی کسی بھی سمت میں بچوں کو ناپنے دیجیے۔ وہ مختلف سمتوں میں فاصلوں کو ناپیں گے۔ اس کی مدد سے کلاس میں مختلف سمتوں کے بارے میں بات چیت ہوسکتی ہے۔

© NCERT not to be republished

## بلّی کا کھانا۔ چوہا یا دودھ



- اپنی انگلیوں کا استعمال کر کے چوہے اور دودھ کے درمیان کا فاصلہ ناپیے _______ انگل۔
- چوہے سے بلی کتنی دور ہے؟ _______ اُنگل
- دودھ سے بلی کتنی دور ہے؟ _______ اُنگل
- بلی کس کے پاس پہلے پہنچے گی _______ چوہے یا دودھ؟
- کیا چوہا اپنے آپ کو بچا سکتا ہے؟ کیسے؟
- اس تصویر کا استعمال کر کے ایک کہانی بنائیے؟
- چوہے کی دم کتنی لمبی ہے؟ _______ اُنگل
- کس کی مونچھیں زیادہ لمبی ہیں؟ چوہے کی یا بلی کی؟

© NCERT not to be republished

## ایسا، کیسا ہے؟

سنجو اور اس کے دوست اپنے جسم کے حصّوں کو ناپنے کی کوشش کررہے ہیں۔ ذرا دیکھیے تو انھوں نے کیا کیا معلوم کرلیا ہے۔




a) کیا آپ ان کی باتوں کو صحیح مانتے ہیں؟

b) ذرا جانچ تو کیجیے کہ آپ کے کتنے دوستوں کا —

1) ایک بالشت لمبا منہ ہے __________

2) ہاتھ اور پیر کی لمبائی برابر ہے __________

3) ماتھے کی چوڑائی 4 اُنگل ہے __________

c) آپ اپنے جسم کے دوسرے حصوں کی لمبائی بھی اپنے اُنگل سے معلوم کرسکتے ہیں معلوم کرکے ان کی لمبائی معلوم کیجیے۔

1) آپ کی ناک __________ اُنگل لمبی ہے۔

2) آپ کے کان __________ اُنگل لمبے ہیں۔

یہاں پر دیے گئے جسم کے حصوں کی لمبائیوں کا اندازہ رف ہے۔ اس مشق کا مقصد صرف یہ ہے کہ جسم کے حصوں کی مدد سے بھی پیائش کی جاسکتی ہے۔ یہ جسم کے حصوں کی لمبائیوں کے لیے کوئی دعوا نہیں کیا جارہا ہے۔

© NCERT not to be republished